## حق پرست عوام صدر پاکستان کے والد حاکم علی زرداری کی صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔8 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے والد حاکم علی زرداری کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ حاکم علی زرداری کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے حاکم علی زرداری کی عیادت کی

## الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا

کراچی۔۔8 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ، اشفاق منگی اور شاہد لطیف نے مقامی اسپتال جاکر صدر پاکستان آصف علی زرداری کے والد حاکم علی زرداری کی عیادت کی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا۔اس موقع پر رکن قومی اسمبلی اور صدر آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور، ابوبکر زرداری اور ڈاکر عاصم حسین بھی موجود تھے۔فریال تالپور نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو اپنے والد حاکم علی زرداری کی طبیعت سے آگاہ کیا اور عیادت کرنے پر رابطہ کمیٹی اور جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیو ایم اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، اراکین رابطہ کمیٹی ایم کیو ایم

## محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے زیراہتمام دبئی میں اجتماع سے خطاب

دبئی۔۔۔8، فروری 2009ء۔۔۔خلیجی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان (اوورسیز) متحدہ عرب امارات کے زیراہتمام دبئی میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، طارق میر، انیس قائم خانی اور محبان پاکستان اوورسیز کے آرگنائزر راے ہدا خان نے خطاب کیا۔اجلاس میں متحدہ عرب امارت کی مختلف ریاستوں، ابوظہبی، دبئی، العین، شارجہ اور محبان کے ذمہ داران، کارکنان اور متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک وقوم کو اندرونی و بیرونی خطرات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان حالات میں دیار غیر میں مقیم پاکستانیوں پر لازم ہے کہ وہ ملکی و بین الاقوامی حالات سے باخبر رہیں اور وطن عزیز کو درپیش چیلنجوں سے نجات دلانے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑنا اور ملک میں غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کے قیام کیلئے جدوجہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے پروردہ عناصر ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک بھر کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور آج حق پرستی کی تحریک نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی پھیل چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم کرنے میں اوورسیز پاکستانیوں کا کردار ناقابل فراموش ہے اور ایم کیو ایم اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کے آرگنائزر راے ہدا خان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو عرب امارات میں محبان پاکستان کی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔بعدازاں متحدہ عرب امارات کی جانب سے شائع ہونے والے کیلنڈر کا اجراء بھی کیا گیا۔

## پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بیواؤں خواتین کے اکاؤنٹس میں شرح منافع پر حق پرست اراکین اسمبلی کا خیرمقدم

## توجہ دلاؤ نوٹس پر عبدالقادر خانزادہ نے تبدیلی اکاؤنٹس کی مد میں سرچارجز ختم کرواکر پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بیواؤں خواتین کا مسئلہ حل کردیا

## حق پرست قیادت کا ایک کارنامہ، کروڑو بیواؤں، بزرگوں کو بلاتفریق رنگ ونسل فائدہ پہنچے گا

کراچی۔۔۔8رفروری 2009ء۔۔۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت پاکستان کی جانب سے 60 سال اور زائد عمر کے بزرگ شہریوں اور بیوہٗ خواتین کیلئے بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس اور پنشنرز بینیفٹ اکاؤنٹس کی شرح منافع میں اضافے اور نئی شرح کے مطابق اضافی سروس چارجز نہ کاٹنے کے اعلان پر مسرت کا اظہار کیا ہے اور حکومتی

اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اس سال بجٹ میں سیونگز اکاؤنٹس پر شرح منافع بڑھانے کا اعلان کیا تھا جس کے مطابق بیواؤں اور پنشنرز کیلئے منافع ساڑھے 13 فیصد سے بڑھا کر ساڑھے 15 فیصد کیا تھا تاہم جب پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بیواؤں خواتین نئی شرح پالیسی سے منافع لینے کیلئے گئے تو ان سے ان کے کاؤنٹس کی تبدیلی کیلئے ایک فیصد سروس چارجز کاٹے جارہے تھے۔انہوں نے کہا کہ بینک کی جانب سے پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بیواؤں خواتین کے اکاؤنٹ کی تبدیلی کی مد میں ایک فیصد سرچارج کاٹے جانے سے ان پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بہبود اکاؤنٹ سے وابستہ بیواؤں خواتین میں گہری تشویش پائی جارہی تھی۔انہوں نے کہا کہ حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ نے اس مسئلے کو قومی اسمبلی میں اٹھایا اور پوائنٹ آف آڈر پر یہ بات کہی تھی کہ اس سے قبل بھی کئی بار گذشتہ ادوار میں شرح منافع بڑھایا گیا تھا لیکن اکاؤنٹ کی تبدیلی کی مد میں سرچارج کسی بھی اکاؤنٹ ہولڈر سے نہیں کاٹا گیا۔انہوں نے حکومت کی توجہ دلاتے ہوئے مطالبہ کیا تھا کہ پنشنرز بینیفٹ صارفین اور بیواؤں خواتین صارفین جو یقینی طور پر حکومت کی مدد کے مستحق بھی ہیں ان سے سرچارج نہ کاٹا جائے اور ان کے کاؤنٹس کو نئے منافع شیڈول میں تبدیل کردیا جائے جس کے بعد حکومت پاکستان نے 8 فروری 2009ء کو یہ اعلان کردیا ہے کہ بہبود اکاؤنٹ پنشنرز بینیفٹ صارفین سے سرچارج کی مد میں ایک فیصد اضافی سرچارج نہیں کاٹا جائیگا اور یکم فروری سے نئی شرح کے مطابق منافع دیا جائیگا۔حق پرست اراکین اسمبلی نے حکومت پاکستان کی جانب سے نئی شرح پالیسی کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے حکومت کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اس اعلان سے پاکستان میں بسنے والے کروڑوں بزرگوں اور بیواؤں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، انور خان ترین

## آزادکشمیر میں حق پرستوں کی نمائندگی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفہ کی کامیابی ہے

کوئٹہ۔۔8 فروری 2009ء۔۔۔ایم کیوایم کوئٹہ کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن انور خان ترین اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ڈپٹی اسپیکر اور حکومتی وزیر کے عہدے پر تعیناتی پر سلیم بٹ اور طاہر کھوکھر کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرستوں کی نمائندگی اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ آزادکشمیر سمیت ملک بھر میں تیزی کے ساتھ پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک بھر کے عوام کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کو ہی اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج عاقل لودھی کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔8، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج عاقل لودھی کی ہمشیرہ محترمہ نور جہاں شاکر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## محکمہ لائیواسٹاک اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹر کی کراچی سے حیدرآباد منتقلی روکی جائے، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔8، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وارکین نے حکومت سندھ کے جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے ذریعے محکمہ لائیواسٹاک اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹر (DG) آفس کو کراچی سے حیدرآباد منتقلی کے احکامات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ لائیواسٹاک اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹر کی منتقلی روکی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ کی جانب سے جاری کردہ آرڈر سے محکمہ کے محنت کشوں میں بے چینی پائی جارہی ہے کیونکہ آفس آف دی ڈائریکٹر (میرین) اور ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ ڈوپلمنٹ فشریز میں جہاں محنت کشوں کو تعیناتی کے احکامات جاری کئے گئے ہیں وہاں پوسٹیں نہیں ہیں جو کہ محنت کشوں کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے۔ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ محکمہ لائیواسٹاک اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹر (DG) آفس کو کراچی سے حیدرآباد منتقلی کے آرڈر فی الفور واپس لیا جائے اور محنت کشوں میں پائی جانے والی بے چینی کا فی الفور ازالہ کیا جائے۔

## جمشید ٹاؤن میں پانی کی فراہمی کا 40 سال پرانہ دیرینہ مسئلہ حل کرنے پر
## سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کو پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔8،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے جمشید ٹاؤن کے علاقوں میں فراہمی آب کا 40 سال دیرینہ مسئلہ حل کرنے پر حق پرست سٹی ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست منتخب نمائندے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی روشنی میں بلا امتیاز رنگ ونسل عوامی خدمت میں مصروف ہیں اور جمشید ٹاؤن کے علاقوں محمود آباد،اعظم بستی،منظور کالونی،دادا بھائی ٹاؤن اور بلوچ کالونی میں پانی کی فراہمی کے دیرینہ مسئلہ کے حل ہونے سے ان علاقوں میں رہائش پذیر پنجابی،پختون،ہزارے وال،کشمیری،سرائیکی،سندھی اور دیگر قومیتوں کے افراد مستفید ہونگے۔انہوں نے کہا کہ اب دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام بھی حق پرست قیادت کے ترقیاتی کاموں کی تعریف کررہے ہیں۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے جمشید ٹاؤن کے علاقوں میں پانی کی فراہمی کا 40 سالہ دیرینہ مسئلہ حل کرنے پر علاقے کے مکینوں کو مبارکباد بھی دی۔

## ایم کیوایم امن اور محبت کے پیغام کو عام کررہی ہے،فرخ اعظم
## ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گڈاپ سیکٹر کے یونٹوں میں منعقدہ تربیتی نشستوں سے خطاب

کراچی۔۔۔8،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ سندھ دھرتی امن،پیار،محبت اور صوفی بزرگوں کی سرزمین ہے اور ایم کیوایم سندھ دھرتی پر امن اور محبت کے پیغام کو عام کررہی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گڈاپ سیکٹر کے یونٹوں سومار کنڈانی،مارو گوٹھ اور گوٹھ حاجی اسماعیل جوکھیو یونٹ میں کارکنان کی علیحدہ علیحدہ تربیتی نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن گل محمد مینگل بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین انتہائی خلوص اور سچائی کے ساتھ ملک میں بسنے والے تمام مذاہب اور قومیتوں کے افراد کے غصب شدہ حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہے ہیں اور حق پرستی کی اس جدوجہد سے عوام دشمن عناصر بری طرح بوکھلائے ہوئے ہیں۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق اپنے انداز گفتگو،لباس اور اٹھنے بیٹھنے کے طور طریقہ میں مزید شائستگی لائیں،والدین،بزرگوں اور خواتین کا احترام کریں اور اپنے آپ کو نظریاتی بنیادوں پر مستحکم کریں۔

## ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج،اورنگی ٹاؤن،نیو کراچی،گلشن اقبال سیکٹرز اور گھوٹکی زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج عاقل لودھی کی ہمشیرہ محترمہ نور جہاں شاکر،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن شکیل احمد کے بھائی محمد شاہ عالم،ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن عمران بدو کے والد چھوٹے خان،ایم کیوایم گلشن اقبال یونٹ 13 کے کارکن سید آصف علی کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون اور ایم کیوایم گھوٹکی زون یونٹ سرحد کے کارکن محمد اشرف ہمشیرہ محترمہ رضیہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایسوسی ایشن آف ٹی وی جرنلسٹ پاکستان کے صدر کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایسوسی ایشن آف ٹی وی جرنلسٹ پاکستان کے صدر جاوید صباء کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاوید صباء سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(امین)

☆☆☆☆☆